Siddiqsons Tin Plate Ltd.

نوٹس برائے اٹھائیسواں سالانہ اجلاس عام

بذریعہ ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ میسرز صدیق سنز ٹن پلیٹ لمیٹڈ کا اٹھائیسواں سالانہ اجلاس عام مورخہ 26 اکتوبر، 2023 بروز منگل 11:30 بجے صبح، اوشین مال اینڈ ٹاور، چوتھی منزل، G-3، بلاک-9، اسکیم-5، کلفٹن، کراچی میں مندرجہ ذیل امور کی انجام دہی کے لئے منعقد کیا جارہا ہے۔

ایجنڈا

۱۔ مورخہ 27 اکتوبر، 2022 کو منعقد ہونے والے سالانہ اجلاس عام کی کارروائی کی توثیق کرنا۔
۲۔ 30 جون، 2023 کو ختم ہونے والے سال کیلئے کمپنی کے آڈٹ شدہ اکاؤنٹس مع ڈائریکٹرز کی رپورٹ اور آڈیٹرز کی رپورٹ کی وصولی، ان پر غور وخوض کرنا اور ان کو اختیار کرنا۔
۳۔ سال 2024-2023 کیلئے کمپنی کے آڈیٹرز کی تقرری اور ان کا مشاہرہ طے کرنا۔ موجودہ آڈیٹرز میسرز ڈیلوائٹ یوسف عادل، چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس ریٹائر ہو رہے ہیں اور اہل ہونے کی بنا پر انہوں نے خود کو دوبارہ تقرر کیلئے پیش کیا ہے۔
۴۔ چیئرمین کی اجازت سے کسی دیگر امور کی انجام دہی۔

بحکم بورڈ
محمد حارث
(کمپنی سیکریٹری)

کراچی
مورخہ: 04 اکتوبر 2023ء

نوٹس:

۱۔ کمپنی کی شیئرز ٹرانسفر بکس مورخہ 20 اکتوبر تا 26 اکتوبر 2023 (بشمول دونوں دن) بند رہیں گی۔ تاہم کمپنی کے شیئر رجسٹرار میسرز THK ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ، پلاٹ نمبر C-32، جامی کمرشل اسٹریٹ 2، ڈی ایچ اے، فیز VII، کراچی پر 19 اکتوبر 2023 کو کاروباری اوقات کے اختتام تک موصول ہونے والے ٹرانسفرز ٹرانسفریز کی درج بالا اہلیت کیلئے بروقت تصور ہوں گے۔

۲۔ ہر ممبر جو میٹنگ میں شرکت کرنے اور ووٹ دینے کا اہل ہے، وہ اپنی جگہ کسی دوسرے ممبر کو شرکت کرنے، بولنے اور ووٹ دینے کیلئے پراکسی مقرر کرسکتا/کرسکتی ہے۔ کارپوریشن ممبر ہونے کی صورت میں اپنے کسی آفیشل کو یا کسی دوسرے شخص کو، چاہے وہ کمپنی کا ممبر ہو یا نہ ہو، پراکسی مقرر کرسکتی ہے۔

۳۔ پراکسی کی دستاویز اور پاور آف اٹارنی یا کوئی اور اختیاری (اگر کوئی ہو) جس کے تحت دستخط کئے گئے ہوں یا ایسی پاور آف اٹارنی کی نوٹری سے تصدیق شدہ کاپی، جو کارآمد ہو اجلاس کے شروع ہونے سے کم از کم 48 گھنٹے قبل کمپنی کے شیئر رجسٹرار کے پاس جمع ہونا لازمی ہے۔

۴۔ ان شیئر ہولڈرز سے، جن کے شیئرز سینٹرل ڈپازٹری کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ (سی ڈی سی) میں جمع ہیں، درخواست ہے کہ سالانہ اجلاس عام میں شرکت کے وقت تصدیق کیلئے اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (سی این آئی سی) مع شرکاء کا آئی ڈی نمبر اور سی ڈی سی میں ان کے اکاؤنٹ/سب اکاؤنٹ نمبر ساتھ لائیں۔ پراکسی ہونے کی صورت میں درج بالا پیرا نمبر 1 کے مطابق پراکسی کے سی این آئی سی یا پاسپورٹ کی تصدیق شدہ کاپیاں، اکاؤنٹ اور شرکاء کے آئی ڈی نمبر پراکسی فارم کے ہمراہ کمپنی کے شیئر رجسٹرار کے پاس جمع کرانا لازمی ہے۔ کارپوریٹ ممبرز کے پراکسی ہونے کی صورت میں، بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/پاور آف اٹارنی مع نامزد کردہ شخص کے نمونہ کے دستخط اجلاس کے وقت فراہم کرنا ہوں گے (اگر پہلے سے شیئر رجسٹرار کو فراہم نہ کئے گئے ہوں) نیز شیئرز کے بینیفیشل مالکان اور پراکسی کے سی این آئی سی کی تصدیق شدہ کاپیاں پراکسی فارم کے ہمراہ جمع کرانا ہوں گی۔ پراکسی کو اجلاس میں شرکت کے وقت اپنا اصل سی این آئی سی پیش کرنا ہوگا۔

سی این آئی سی/آئی بی اے این اور زکوٰۃ

۵۔ ممبرز سے درخواست ہے کہ ہمارے ریکارڈ کو اپ ڈیٹ رکھنے کیلئے وہ اپنا انٹرنیشنل بینکنگ اکاؤنٹ نمبر (آئی بی اے این) مع کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (سی این آئی سی) کی کاپیاں فراہم کریں۔ یہ جمع نہ کرانے کی صورت میں آئندہ ان کے ڈیویڈنڈ کی ادائیگی روک لی جائے گی۔

۶۔ ممبرز سے درخواست ہے کہ زکوٰۃ سے استثنیٰ کیلئے زکوٰۃ اینڈ عشر آرڈیننس 1980 کے مطابق ڈکلریشن (CZ-50) جمع کرائیں۔ ان سے یہ بھی درخواست ہے کہ اپنے پتہ میں کسی تبدیلی کی صورت میں، اگر ہو تو اس کی اطلاع کمپنی رجسٹرار کو دیں۔

ای۔ڈیویڈنڈ

کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 242 کی رو سے پبلک لسٹڈ کمپنی کیلئے لازم ہے کہ وہ نقد ڈیویڈنڈ کی ادائیگی صرف الیکٹرونک ذریعہ سے براہ راست اہل شیئر ہولڈرز کے مقرر کردہ بینک اکاؤنٹ میں کرائیں۔ اس لئے، اس نوٹس کے ذریعہ تمام شیئر ہولڈرز سے درخواست ہے کہ وہ اپنے بینک اکاؤنٹ کی تفصیلات اپنے متعلقہ شرکاء کے ذریعہ سینٹرل ڈپازٹری سسٹم میں اپ ڈیٹ کردیں۔ جب کہ فزیکل شیئرز کی صورت میں اپنے بینک اکاؤنٹ کی تفصیلات ہمارے شیئر رجسٹرار میسرز ٹی ایچ کے ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ کو فراہم کریں جس کیلئے ای ڈیویڈنڈ مینڈیٹ فارم منسلک ہے۔

غیر کلیم شدہ ڈیویڈنڈز اور بونس شیئرز

ان شیئر ہولڈرز کو جو کسی وجہ سے اپنے ڈیویڈنڈ یا بونس شیئر کلیم نہیں کرسکے یا اپنے فزیکل شیئرز حاصل نہیں کرسکے، ہدایت کی جاتی ہے کہ اپنے غیر کلیم شدہ ڈیویڈنڈ یا زیر التوا شیئرز کے حصول کے بارے میں معلومات کیلئے، اگر کوئی ہے، ہمارے شیئر رجسٹرار میسرز ٹی ایچ کے ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ سے رابطہ کریں۔

اجلاس کی اطلاع اور سالانہ اکاؤنٹس کی گردشی ترسیل

بحوالہ ایس ای سی پی کے جاری کردہ ایس آر او نمبر 787(1/2014) مورخہ 8 ستمبر 2014، شیئر ہولڈرز کو سالانہ آڈٹ شدہ مالیاتی حسابات اور اجلاس عام کی اطلاع ای میل کے ذریعہ وصول کرنے کی سہولت حاصل ہے۔ کمپنی کے شیئر ہولڈرز سے درخواست ہے کہ وہ اس کیلئے اپنی رضامندی سے ہمارے شیئر رجسٹرار میسرز ٹی ایچ کے ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ، پلاٹ نمبر C-32، جامی کمرشل اسٹریٹ 2، ڈی ایچ اے، فیز VII، کراچی پر ہمارے ریکارڈ کیلئے اپ ڈیٹ کردیں کہ وہ سالانہ آڈٹ شدہ مالیاتی حسابات اور اجلاس عام کی اطلاع ای میل کے ذریعہ وصول کرنے کے خواہشمند ہیں۔ تاہم اگر شیئر ہولڈرز اس کے علاوہ سالانہ آڈٹ شدہ مالیاتی حسابات کی ہارڈ کاپی حاصل کرنا چاہیں تو ان کی درخواست موصول ہونے کے سات دن کے اندر ان کو مفت فراہم کردی جائے گی۔

فزیکل شیئرز کی بک انٹری فارم میں تبدیلی

SECP نے اپنے سرکلر CSD/ED/Misc/2016-639-640 مورخہ 26 مارچ 2021 میں لسٹڈ کمپنیز کو ہدایت کی ہے کہ وہ کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 72 کے پرووژن کی پیروی میں ان کے جاری کردہ شیئرز کو بک انٹری فارم میں تبدیل کرالیں۔

لہٰذا صدیق سنز ٹن پلیٹ لمیٹڈ کے جن شیئر ہولڈرز کے پاس فزیکل فولیو/شیئر سرٹیفکیٹس ہیں، ان سے درخواست ہے کہ وہ جلد از جلد اپنے شیئرز کو فزیکل فارم سے بک انٹری فارم میں تبدیل کرالیں۔ شیئر ہولڈرز سی ڈی سی اکاؤنٹ کھولنے اور اس کے بعد فزیکل شیئرز کو بک انٹری فارم میں تبدیل کرانے میں مدد کیلئے اپنے بروکر، سی ڈی سی کے شریک یا سی ڈی سی انویسٹر اکاؤنٹ سروس پرووائیڈر سے رابطہ کریں۔

اس کے ذریعے شیئر ہولڈرز کو کئی طرح کے فائدے حاصل ہوں گے جس میں شیئرز کی محفوظ تحویل، ڈپلیکیٹ شیئرز کے اجراء کے لئے درکار ضروری کارروائی سے بچاؤ وغیرہ شامل ہیں۔

شیئر ہولڈرز مزید معلومات اور مدد کیلئے میسرز THK ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ سے بھی رابطہ کرسکتے ہیں۔

ویڈیو کانفرنس کی سہولت

کمپنیز ایکٹ 2017 کے پرووژن کی پیروی میں ایک ہی شہر میں رہنے والے شیئر ہولڈرز جو مکمل ادا شدہ شیئر کیپٹل کا کم از کم 10% کے حامل ہوں، کمپنی سے اے جی ایم میں شرکت کیلئے ویڈیو کانفرنس کی سہولت طلب کرسکتے ہیں۔ ویڈیو لنک کی سہولت حاصل کرنے کی درخواست شیئر رجسٹرار کے پاس درج بالا پتہ پر اجلاس کی تاریخ سے سات (7) دن پہلے پہنچ جانی چاہیے جو سالانہ رپورٹ میں فراہم کردہ اسٹینڈرڈ فارم پر ہو اور یہ کمپنی کی ویب سائٹ پر بھی دستیاب ہے۔

اس سہولت کو حاصل کرنے کیلئے براہ مہربانی تحریری درخواست کمپنی سیکریٹری اور کمپنی کے شیئر رجسٹرار یعنی ٹی ایچ کے ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ، پلاٹ نمبر C-32، جامی کمرشل اسٹریٹ 2، ڈی ایچ اے، فیز VII، کراچی کو ان کے متعلقہ ای میل پتہ harisjaffri@siddiqsonstinplate.com اور secretariat@thk.com.pk پر اٹھائیسویں سالانہ اجلاس عام کی تاریخ سے زیادہ سے زیادہ 7 دن پہلے ارسال کریں جس میں درج ذیل معلومات شامل ہوں۔

ویڈیو کانفرنس کی سہولت حاصل کرنے کیلئے:

۱۔ فولیو نمبر/سی ڈی سی انویسٹر اکاؤنٹ نمبر/سب اکاؤنٹ نمبر
۲۔ شیئر ہولڈر کا نام۔
۳۔ تعداد شیئرز جو کتب کی بندش کے پہلے روز تھی جو اے جی ایم میں شرکت کا حقدار بناتی ہے۔
۴۔ شہر کا نام جہاں ویڈیو کی سہولت درکار ہے۔

ممبر کے دستخط ____________

روزنامہ نوائے وقت
(کراچی)
اکتوبر 2023,4